BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

**سیڈی سیچرڈے کے ساتھ، موسم بہار کی باغبانی کا شاندار آغاز کریں**

برامپٹن، آن (24 فروری 2023) – سٹی آف برامپٹن، برامپٹن ہارٹیکلچرل سوسائٹی کے ساتھ شراکت داری میں، اس مارچ کے مہینے میں موقع پر منعقد کیے جانے والے سیڈی سیچرڈے میں اپنی کمیونٹی کو واپس خوش آمدید کہتا ہے۔

ہر سال، سیڈی سیچرڈے کے ساتھ موسم بہار کی باغبانی کا آغاز کیا جاتا ہے۔ خاندان دوستانہ یہ مفت موقع ایک ایسی جگہ ہے جہاں پر رہائشی باغبانی، سبزیوں اور پھولوں کی کاشت کے بارے میں جان سکتے ہیں، بیجوں کا باہمی تبادلہ کر سکتے ہیں اور ماہرین کے مفید مشوروں سے مستفید ہو سکتے ہیں۔ نئے اور تجربہ کار، تمام باغبانوں کو خوش آمدید کہا جاتا ہے۔ بچوں کی دلچسپی کے پروگرام بھی دستیاب ہوں گے۔

اس سال کے مقررین کی فہرست میں درج ذیل شامل ہیں:

- ٹاک ڈرٹی پر شان جیمز: زمین اور اس میں رہنے والی چیزیں (سوئل اینڈ دی تھنگز لِونگ ان اٹ)
- منتقلی زرگل میں شامل حشرات (گارڈنز فار پولینیٹنگ انسیکٹس) کے موضوع پر لورین جانسن جرگ: دشمن نہیں، دوست (فرینڈز ناٹ فوز)
- بیجوں سے پودے اگانے (گروئنگ پلانٹس فرام سیڈز) کے موضوع پر کین براؤن
- شاندار سبزیاں اگانے کے زبردست مشورے (گریٹ ٹپس آن گروئنگ گریٹ ویجیٹیبلز) کے موضوع پر جیمز گراہم

سنچری گارڈنز ریکریئیشن سنٹر میں ان مقررین اور بہت سے مزید فروخت کنندگان کے ساتھ شامل ہو جائیں۔

**تاریخ کو محفوظ کر لیں**

سیڈی سیچرڈے<br>
11 مارچ، صبح 10 - دن 3 بجے تک<br>
Century Gardens Recreation Centre<br>
340 Vodden St E<br>
Brampton, ON<br>
L6V 2N2

مزید تفصیلات کے لیے، ملاحظہ کریں: www.brampton.ca/seedysaturday

**اقتباسات**

"یہ موقع باغبانی سے کہیں زیادہ بڑھ کر ہے۔ بلکہ یہ ماحولیاتی استحکام پر مرکوز سر سبز و شاداب اور باہمی طور پر زیادہ مربوط کمیونٹی کی تعمیر کے بارے میں ہے۔ باغبانی بہت سے لوگوں کے لیے غذائی اجناس کے حصول کا ایک ذریعہ ہے اور ہم امید کرتے ہیں کہ اس سیڈی سیچرڈے میں ہم آپ سے ضرور ملیں گے، چاہے آپ ابھی شروعات کر رہوں یا کسی اور موسم میں باغبانی کی تیاری کر رہے ہوں۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"ہم اس سال موقع پر منعقد کی جانے والی تقریب کو دوبارہ منعقد کرنے پر بہت زیادہ پرجوش ہیں، جس میں ہم اپنی زندگی کو سر سبز بنانے، غذائی تحفظ اور اپنی صحت پر مرتب ہونے والے باغبانی کے فوائد کے بارے میں سیکھیں گے۔ سیڈی سیچرڈے ایک دہائی سے کامیابی کے ساتھ منعقد کیا جانے والا ایک مقبول موقع ہے، جس میں ہم سب کی دلچسپی کا کچھ نہ کچھ سامان ضرور موجود ہوتا ہے۔"

*- رووینا سینٹوس، چیئر کمیونٹی سروسز؛ ریجنل کونسلر، وارڈز 1 اور 5، سٹی آف برامپٹن*

"برامپٹن ایک سر سبز و شاداب شہر ہے اور ہر روز ہماری توجہ ان اہم اقدامات پر مرکوز ہوتی ہے، جو ہمارے اس مقصد میں معاونت کرتے ہیں۔ سیڈی سیچرڈے ہم سب کے لیے باغبانی سے متعلق ہماری چھوٹی چھوٹی عادات بنانے اور مفید پروجیکٹس بنانے کے طریقے سیکھنے کا ایک قیمتی موقع ہوتا ہے، جو ہماری کمیونٹی میں ماحولیاتی استحکام، صحت اور تندرستی کے حوالے سے بہت بڑا فرق پیدا کرتا ہے۔"

*- مارلون کیلیڈین، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

-30-

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 700,000 لوگوں اور 75,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم اس لیے شراکت داری کرتے ہیں تاکہ ہم ایک ایسا صحت مندانہ شہر بنا سکیں جو محفوظ، قابل دوام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ مزید جاننے کے لیے www.brampton.ca ملاحظہ کریں۔

**میڈیا کنٹیکٹ**
سٹی آف برامپٹن ملٹی کلچرل میڈیا
multiculturalmedia@brampton.ca